تراشیدہ پھولوں کی قیمت اور اہمیت جن چیزوں پہ منحصر ہے ان میں پھول کی بعد از برداشت تروتازگی سب سے زیادہ اہم ہوتی ہے۔ انٹرائینم کے پھولوں کو بھی باقی تراشیدہ پھولوں کی طرح ایسے محلول میں رکھنا چاہیے جس میں دو تا چار فیصد چینی اور ۲۰۰ ملی گرام سٹرک ایسڈ یا سیلی سلک ایسڈ پر لیٹر موجود ہو۔ جس بالٹی یا بوتل میں رکھیں اسے اچھی طرح صاف کر لیں اور بہترین یہ ہے کہ اسے بلیچ سے صاف کر لیں۔ زرعی یونیورسٹی کے ماہرین کے مطابق اگر ہدایت کردہ وقت اور صحیح حالت پہ پھول کو برداشت کیا گیا ہو تو یہ 5 تا 9 دن تک تازہ اور دلکش رہ سکتا ہے۔ پھول کے تنے کو سیدھا رکھیں۔ بعد از برداشت جلد سے جلد دھوپ سے سایہ دار جگہ میں منتقل کر دیں اور پھولوں کو زمین پر ہرگز نہ لٹائیں جو تنے کے مڑنے کا باعث بنتا ہے جس سے پھولوں کی کوالٹی متاثر ہوتی ہے۔

انٹرائینم کی کاشت کے متعلق مزید معلومات کے لیے فلوریکلچر لیبارٹری، انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد 0334-7416664 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

Vol. 08 No. 2 | July - December, 2019

انٹرائینم (Antirrhinum)۔ایک نیا تراشیدہ پھول

ڈاکٹر افتخار احمد، حافظ عطاء الرحمان سعید، حافظ کاشف علی
انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

تعارف

پھول قدرت کا حسین وجمیل اور غیر معمولی تحفہ ہیں جو نہ صرف انسانی جذبات کی ترجمانی کرتے ہیں بلکہ دورِ حاضر میں پھولوں کی تجارت ایک منافع بخش کاروبار بن چکا ہے۔ عالمی منڈیوں میں تراشیدہ پھولوں کی مانگ پچھلے چند سالوں کے دوران بہت بڑھ گئی ہے۔ بین الاقوامی منڈیوں میں پھولوں کی تجارت کا حجم 60 ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کر چکا ہے جس میں تقریباً آدھا حصہ صرف تراشیدہ پھولوں کا ہے اگرچہ پھولوں کا کاروبار زیادہ تر ترقی یافتہ ممالک میں عام ہے تاہم گزشتہ دو دہائیوں کے دوران پھولوں کی کاشت دیگر ترقی پذیر ممالک مثلاً کولمبیا، ایکواڈور، ایتھوپیا، کینیا وغیرہ میں بھی فروغ پا چکا ہے جہاں سے کاشت شدہ تراشیدہ پھول عالمی منڈیوں میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔

پاکستان میں پھولوں کی تجارتی پیمانے پر کاشت اگرچہ چند دہائیوں سے محدود پیمانے پر کی جا رہی ہے جو پتوکی، قصور، لاہور، حیدرآباد کے علاقوں تک محدود تھی تاہم گزشتہ دہائی کے دوران پھولوں کی کاشت مزید مختلف علاقوں تک پھیل چکی ہے۔ آج سے چند سال قبل تک ہمارے ملک میں صرف گلاب، گلائل، گلِ شبو اور گیندے کے پھول ہی کاشت کیے جاتے تھے تاہم گزشتہ دہائی میں تراشیدہ پھولوں کی بڑھتی ہوئی طلب اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کی تحقیق کے نتیجے میں متعارف کروائے گئے نئے تراشیدہ پھولوں کی کاشت سے مقامی پیداوار کو بڑھوتری ملی ہے اور مختلف سماجی تقریبات میں استعمال ہونے کی وجہ سے تراشیدہ پھولوں کا استعمال بتدریج بڑھتا جا رہا ہے۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ماہرین نے ملک میں پھولوں کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیشِ نظر جو نئے تراشیدہ پھول متعارف کروائے ہیں ان میں سے ایک نہایت ہر دلعزیز پھول انٹرائینم ہے۔

انٹرائینم کو انگریزی میں سنیپ ڈریگن (Snapdragon)، سائنسی زبان میں انٹرائینم ماجس (*Antirrhinum majus*) جبکہ مقامی زبان میں مالی حضرات اسے کتا پھول بھی کہتے ہیں جو اس کے پھولوں کی پنکھڑیوں کے کھلنے کی وجہ سے مقامی طور پر مشہور ہو چکا ہے۔ یہ بحیرۂ روم سے منسلک ممالک سے ہوتا ہوا اب دنیا کے مختلف علاقوں تک پھیل چکا ہے اس کے مختلف رنگوں کی ترتیب قوسِ قزح کی مانند دکھائی دیتی ہے یہ پودوں کے سکروفلیری ایسی (Scrophulariaceae) خاندان سے تعلق رکھتا ہے جو اپنے خوبصورت پھولوں کی وجہ سے مشہور ہے۔ انٹرائینم اپنے پھول کے مختلف رنگوں، ترتیب اور اشکال کی وجہ سے بھی مشہور اور ہر دلعزیز ہے۔ یورپ، امریکہ اور شمالی افریقہ میں

اس کی کئی انواع واقسام (Species) پائی جاتی ہیں۔ عام طور پر اس کے پودے کی اونچائی چند انچ تا چار فٹ تک بھی ہوتی ہے جو اس کے استعمال اور بیج کی وراثت پہ منحصر ہوتی ہے تاہم تجارتی پیمانے پر بطورِ تراشیدہ پھول کاشت ہونے والی تمام اقسام کا قد دو فٹ سے لمبا ہوتا ہے۔ جہاں رنگوں کی بات ہو تو اس میں تمام رنگ ہی پائے جاتے ہیں ماسوائے سبز رنگ کے۔

کاشت کے لیے موزوں اقسام

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ماہرین کے مطابق سنیپ ڈریگن (Snapdragon) کی بطورِ تراشیدہ پھول کاشت کے لیے مندرجہ ذیل اقسام ہماری آب و ہوا میں بہترین پائی گئی ہیں:

☆ میری لینڈ (Marryland)
☆ مناکو (Monaco)
☆ پوٹومیک (Potomac)
☆ شانٹیلی (Chantilly)

ان تمام اقسام میں مختلف رنگوں کے پھول دستیاب ہیں جن میں سفید، پیلا، گلابی، سرخ اور دو رنگے پھول زیادہ ہر دلعزیز ہیں۔

زمین کا انتخاب

انٹرائینم کی پیداوار کھلے کھیت اور گرین ہاؤس دونوں میں کی جاتی ہے۔ گرین ہاؤس کی پیداوار زیادہ موثر ہوتی ہے کیونکہ اس میں کیڑوں اور بیماریوں سے نقصانات کے امکان کم ہوتے ہیں اور موسمی سختیوں سے بھی کافی بچت ہو جاتی ہے۔ گرین ہاؤس میں کاشت کے لیے اسکو پلاسٹک کے کریٹ میں اگایا جا سکتا ہے جبکہ انٹرائینم کے لیے زرخیز، نرم اور اچھے نکاس والی زمین کا انتخاب کریں جس کا زمینی تعامل چھ تا چھ اعشاریہ پانچ تک ہو۔ دن میں کم از کم 6 تا 8 گھنٹے دھوپ ہونی چاہیے۔ زمین میں جڑی بوٹیاں اور پتھر وغیرہ نہیں ہونے چاہئیں۔ تیزابی یا نمکیاتی اساس والی زمین سے پرہیز کی جائے بلکہ اس کے لیے میرا زمین بہتر تصور کی جاتی ہے۔ زمین میں ایک حصہ بھل اور ایک حصہ پتوں کی کھاد ڈالی جائے۔ اگر گوبر کی کھاد میسر ہو تو کاشت سے 6 مہینے قبل ڈالی جائے۔ گملوں میں نیری لگانے کی بجائے پلاسٹک ٹرے میں نرسری کاشت کرنی چاہیے جس کے لیے ایک حصہ بھل، ایک حصہ گنے کی پریس مڈ اور ایک حصہ ناریل کا برادہ ڈالیں۔ پھر اس میں پھپھوندی کش زہر (Fungicide) کا سپرے کریں تا کہ پودوں کی جڑوں کو Pythium اور Rhizoctonia جیسی بیماریوں سے بچایا جا سکے۔

وقت اور طریقہ کاشت

انٹرائینم کا بیج پنجاب میں اکتوبر اور نومبر کے دوران لگایا جاتا ہے۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ماہرین کی جدید تحقیق کے مطابق انٹرائینم کو گملوں میں لگانے کی بجائے خلیوں والی پلاسٹک کی ٹرے میں لگانے سے اگاؤ کی شرح فیصد کے ساتھ پودے کی پیداوار بھی بڑھ جاتی ہے۔ اسی طرح زمین میں منتقل کرتے وقت

پودوں کا سہارا دینا (Staking)

اگر گٹھے مناسب گہرائی میں لگائے جائیں تو تنوں کو سہارا دینے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے تاہم اگر زمین ریتلی ہو تو پلاسٹک کی جالی کے ذریعے تنوں کو سہارا مہیا کرنا چاہیے تاکہ پھول کھلنے کے دوران پھولوں کے وزن کی وجہ سے یا کسی آندھی وغیرہ کی وجہ سے تنے گرنے اور ٹوٹنے سے محفوظ رہیں۔

تراشیدہ پھولوں کی برداشت

پھول تقریباً 80 تا 120 دنوں کے دوران برداشت کے قابل ہو جاتے ہیں۔ جب پہلی کونپل کھلنا یا اپنا رنگ ظاہر کرنا شروع کرنے لگے تو پھولوں کو تنے سمیت زمین سے تقریباً ایک انچ اونچائی سے کاٹ لیا جاتا ہے۔ اگر پھولوں کو دیر سے کاٹا جائے تو ترسیل کے دوران زخمی ہو جاتے ہیں اور کوالٹی بُری طرح متاثر ہوتی ہے مزید برآں زیادہ کھلنے کی وجہ سے زردانے پھولوں کی پتیوں پر گرنا اور رنگ کو خراب کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ زیادہ کھلنے کی وجہ سے پھولوں کے درمیان سے زردانوں کو کاٹ کر علیحدہ کر دینا چاہیے۔

بعد از برداشت نگہداشت

تراشیدہ پھولوں کی قیمت اور اہمیت میں ان کی تروتازگی نہایت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ تنے کو کاٹنے کے فوراً بعد صاف پانی میں رکھنا چاہیے تاکہ وہ تروتازہ رہیں۔ اگر پانی میں 2 تا 4 فیصد چینی اور 200 ملی لیٹر پانی فی لیٹر سٹرک ایسڈ (Citric Acid) یا سیلی سیلک ایسڈ (Salicylic Acid) ملا دیں تو اس سے پھولوں کی تروتازگی کی معیاد بڑھ جاتی ہے اگر پھولوں کو کٹائی کے بعد 24 گھنٹے کے لیے 50 ملی لیٹر پانی اور سلور نائٹریٹ (Silver Nitrate) کے محلول میں رکھا جائے تو ان کو ($1^{o}C$) ڈگری سینٹی گریڈ پر 2 تا 3 ہفتوں کے لیے سردخانوں میں ذخیرہ کر کے تروتازہ رکھا جاسکتا ہے اور بوقت ضرورت مارکیٹ میں بھیج کر خاطر خواہ منافع بھی کمایا جاسکتا ہے۔

درجہ بندی

تنے پر پھولوں کی تعداد اور تنے کی لمبائی کے مطابق لِلی کے تراشیدہ پھولوں کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔ تنے کے نچلے 6 انچ حصہ سے پتوں کو کاٹ دیا جاتا ہے تاکہ پھولوں کی کوالٹی کو برقرار رکھا جاسکے۔ اگر مقامی منڈیوں میں پھول بھیجنے مقصود ہوں تو زیادہ کھلے پھولوں کا انتخاب کیا جاتا ہے جبکہ اگر دور دراز منڈیوں میں پھول بھیجنے مقصود ہوں تو ادھ کھلے پھول یا جن کی پہلی کونپل اپنا رنگ ظاہر کر رہی ہو، ان کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ 5 تا 6 پھولوں کا گچھا بنایا جاتا ہے۔ اور پولی تھین کی تہہ میں رکھ کر اسے تازہ رکھنے والے غذائی محلول میں رکھ کر یا سردخانے میں ذخیرہ کر لیا جاتا ہے یا منڈیوں میں بھیج دیا جاتا ہے۔

نقصان دہ کیڑے، بیماریاں، فعلاتی خرابیاں اور ان کا تدارک

لِلی کے پودوں پر جوؤں، پھپھوندی، بیکٹیریا اور وائرس کا حملہ ہوتا ہے، تیلے کا حملہ وائرس کا سبب بنتا ہے۔ صفائی ستھرائی اور مختلف زہروں کے استعمال سے ان بیماریوں سے بچا جاسکتا ہے۔

جڑوں کا گلاؤ (Root Rot)

جڑوں کا گل جانا پھپھوندی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس سے بچاؤ کا سب سے پہلا حل یہ ہے کہ گٹھے ایسی کمپنی سے لیں جو باعتماد ہو۔ اس کے بعد آپ کی مٹی (میڈیا) جس میں گٹھے لگائے جا رہے ہوں جیسا کہ (پیٹ موس، ناریل کا بُرادا یا مٹی) جراثیم سے پاک ہو اور جس جگہ لگائے جائیں وہاں صفائی کا مناسب انتظام ہو۔

خاکی پھپھوندی (Grey Mold)

خاکی پھپھوندی پتوں اور پھولوں پر حملہ آور ہوتی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ ہوا اور نمی کا نامناسب ہونا ہے۔ ترسیل کے دوران اگر پھول کھلے ہوں تو پھپھوندی کو نہایت ہی معقول ماحول مل جاتا ہے کہ وہ پھولوں اور پتوں پر حملہ آور ہو جائے۔

اگر لِلی کو بطور کثیر سالہ (Perennial Crop) فصل کے طور پر اگایا جائے تو بہت سی بیماریوں جیسا کہ گٹھوں کا گل جانا، جوئے (Scales) کا گل جانا، زنگ لگ جانا، پتوں پر دھبے پڑ جانا جیسی بیماریاں لگ جاتی ہیں۔ وائرس سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ متاثرہ پودوں کو جڑ سے اکھاڑ دیں اور اس کو کھیت سے دور زمین میں دفن کر دیں۔ ہفتے کے دورانیے سے مختلف زہریں استعمال کر کے نقصان دہ کیڑوں اور بیماریوں سے بچا جاسکتا ہے۔

خرابیاں

ایشیائی اور اورینٹل لِلی میں درجہ حرارت زیادہ ہونے کی وجہ سے شروع شروع میں پھولوں کلیوں کا گرنا (Bud Abortion) شروع ہو جاتا ہے یا آخر میں پودے کا کوئی بھی حصہ پودے سے الگ بھی ہو جاتا ہے۔ کیلشیم کی کمی کی وجہ سے بھی کلیاں گرنا شروع ہو جاتی ہیں۔ اس میں پتے کے پچھلے حصے پر تقریباً ایک انچ حصہ سفید یا خاکی رنگ کا ہو جاتا ہے جبکہ پتے کا اوپر والا حصہ سبز رہتا ہے۔ یہ علامات کلیوں کے نمودار ہونے سے قبل یا بعد میں ظاہر ہوتی ہیں۔

کیلشیم کی کمی اور نمی کا بڑھ جانا بھی پتوں کے جلنے کی اہم وجوہات ہیں۔ اس خرابی سے بچنے کے لیے چھوٹے پتوں کو پودے سے علیحدہ کر دیں اور کیلشیم کلورائیڈ (Calcium Chloride) اور کیلشیم نائٹریٹ (Calcium Nitrate) 2 تا 3 دن کے وقفے سے سپرے کریں۔

گٹھوں کا نکالنا اور ذخیرہ اندوزی

پھولوں کو کاٹنے کے بعد جب پتے پیلے ہونا شروع ہو جائیں تو گٹھوں کو زمین سے نکال لیا جاتا ہے۔ اس کے بعد سایہ دار جگہوں پر لے جاکر ان میں سے زخمی اور کٹے ہوئے گٹھوں کو علیحدہ کر لیا جاتا ہے جبکہ صاف گٹھوں کو اچھی طرح پانی سے دھویا جاتا ہے تاکہ مٹی صاف ہو جائے پھر ان گٹھوں کو 2 تا 3 ملی لیٹر فی لیٹر پانی ٹاپسن ایم یا کوئی اور پھپھوندی کش زہر میں 5 منٹ کے لیے ڈبویا جاتا ہے۔ اس کے بعد ان کو نکال کر خشک کر لیا جاتا ہے اور نم پیٹ موس یا ناریل کے بُرادے میں تہہ لگا کر ان کو رکھا جاتا ہے۔ اس کے بعد 6 تا 8 ہفتوں کے لیے 0 تا 2 ڈگری سینٹی گریڈ پر اسے رکھا جاتا ہے تاکہ وہ اگلی فصل کے لیے تیار ہو جائیں تاہم لِلّی کے گٹھوں کو زمین میں رہنے دینے سے دوسری فصل بھی حاصل کی جاسکتی ہے لیکن اسکے بعد گٹھے ختم ہو جاتے ہیں

اخراجات

ایک ایکڑ کے لیے گٹھوں کی تعداد 50,000 تا 1,00,000 ہونی چاہیے۔ لِلّی کے ایک گٹھے کی قیمت 80 تا 120 روپے ہوتی ہے جو کہ سائز، رنگ اور ورائٹی پر منحصر ہے۔ اس کے علاوہ کھاد، پانی اور ادویات کا مناسب استعمال کر کے اخراجات میں کمی کی جاسکتی ہے اور خاطر خواہ منافع کمایا جاسکتا ہے۔ مزید برآں مناسب دیکھ بھال سے دوسری فصل کے لیے گٹھے بھی حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

آب وہوا

للی کے پودوں کی اچھی نشوونما اور عمدہ کوالٹی پھولوں کی پیداوار کے لیے رات کا درجہ حرارت تقریباً 10 تا 15 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ دن کو 20 تا 25 ڈگری سینٹی گریڈ ہونا چاہیے۔ خصوصاً ایشیائی للّی کا 13 تا 16 ڈگری سینٹی گریڈ اور اورینٹل للّی کے لیے 16 تا 17 ڈگری سینٹی گریڈ تجویز کیا جاتا ہے۔ زیادہ درجہ حرارت کی وجہ سے پھول چھوٹے اور کم تعداد میں کھلتے ہیں۔ اس حیرت انگیز پھول کو پاکستان کے مختلف حصوں میں، جہاں موسم سرد ہوتا ہے تجارتی پیمانے پر کاشت کیا جاسکتا ہے۔ اگر پودوں کو گرین ہاؤس میں اگایا جائے تو بہت ہی عمدہ کوالٹی کے پھول حاصل کیے جاسکتے ہیں اور گرین ہاؤس میں اسے سال کے دوران لمبے عرصہ کے لیے کاشت کیا سکتا ہے۔ جبکہ پہاڑی علاقوں میں اسے مارچ تا مئی کاشت کر کے موسمِ گرما کے دوران بھی پھول حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

زمین

اچھی ساخت اور اچھی نکاسی والی زرخیز ہلکی میرا زمین للی کی بہتر نشوونما کے لیے مناسب ہوتی ہے۔ للی زیادہ نمکیات والی زمین کے لیے بہت حساس ہے۔ للی کی کاشت کے دورانیے میں اچھی نکاسی اشد ضروری ہے۔ جڑوں کی اچھی نشوونما کے لیے زمین کی اساس بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ایشیائی للی (Asiatic Lily) اور لونگیفلورم للی (Longiflorum Lily) للی کے لیے زمین کی اساس 6 تا 7 جبکہ اورینٹل للی (Oriantal Lily) اور دوغلی اقسام کے لیے زمین کی اساس 5.5 تا 6.5 ہونی چاہیے۔

اقسام

للی ایک عام لفظ ہے جو کہ مختلف اقسام کے پودوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ڈے للّی، کالا للّی، ٹوڈ للّی اور سرپرائز للّی اصل للّی نہیں ہیں۔ اصل للی وہ ہیں جو کہ للی کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جیسا کہ ایشیائی للی (Asatic Lily)، للی لونگیفیلورم (Lily Longiflorum)، اورینٹل للی (Oreintal Lily) ایسٹر للی (Easter Lily)، LA ہائبرڈ (Longiflorum x Asiatic)، LO ہائبرڈ (Longiflorum x Oriental) وغیرہ۔ ان کی ابتداء زمین کے اندر موجود گٹھوں سے ہوتی ہے جن سے دلکش پھول حاصل کیے جاسکتے ہیں یہ مختلف جسامتوں، مختلف رنگوں اور مختلف شکلوں میں پائے جاتے ہیں جو کہ اسے باقی پھولوں سے منفرد بنا دیتے ہیں۔

تقسیم/افزائش نسل

للی بیج اور گٹھوں دونوں کے ذریعے اگایا جاتا ہے لیکن تجارتی پیمانے پر کاشت کے لیے اسے گٹھوں کی تقسیم کے ذریعے کاشت کیا جاتا ہے۔ جدید دور کے تقاضوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے للی کی تقسیم بذریعہ ٹشو کلچر بھی کی جارہی ہے۔ اس طریقہ کار میں جوئے (Scales) کو گٹھوں سے علیحدہ کیا جاتا ہے۔ پھر انہیں بلیچ کے چار فیصد محلول میں 30 منٹ کے لیے دھویا جاتا ہے۔ اس کے بعد نمکیات سے پاک شدہ (Distilled) پانی میں 4 تا 5 مرتبہ اچھی طرح دھویا جاتا ہے کیونکہ اس طریقے سے وائرس سے پاک للّی کی پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔ للی کا کاشت کے لیے ہمیشہ تیار شدہ (Pre-Cooled) گٹھے استعمال کرنے چاہییں جن سے نہ صرف عمدہ کوالٹی پھول حاصل ہوسکتے ہیں بلکہ پھول بھی جلد تیار ہو جاتے ہیں جبکہ اگر تیار شدہ گٹھے استعمال نہ کیے جائیں تو پیداوار کم بھی کم ہوسکتی ہے اور مارکیٹ میں دیر سے پھول تیار ہوتے ہیں۔

وقت اور طریقہ کاشت

للی کو ستمبر تا وسط نومبر تک کاشت کیا جاتا ہے۔ اس پھول کی مسلسل فراہمی کے لیے مختلف اقسام کے گٹھوں کو پندرہ دن کے وقفے سے لگایا جاتا ہے۔ گٹھوں کو کھیلیوں میں 5 تا 6 انچ گہرا اور 6 تا 8 انچ کے فاصلے پر لگایا جاتا ہے یا اونچی کیاریاں (بیڈ) بنا کر 6 انچ کے فاصلے پر قطاروں میں لگایا جاتا ہے جبکہ پلاسٹک کے مختلف اقسام کے کریٹ میں 4 انچ گہرا اور 4 تا 6 انچ کے فاصلے پر پیٹ موس (Peat moss) یا ناریل کے بُرادے (Cocount Coir) میں لگایا جاتا ہے اور قطاروں کا فاصلہ بھی آپس میں 4 تا 6 انچ رکھا جاتا ہے۔

چونکہ پیٹ موس (Peat moss) اور ناریل کا بُرادہ (Coconut Coir) مہنگا ہوتا ہے چنانچہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ فلوری کلچر کے ماہرین نے گذشتہ تین سال کے تجربات کی روشنی میں ایک مقامی میڈیا متعارف کروایا ہے جو کہ گملوں میں پودوں اور تراشیدہ پھولوں کی کاشت کے لیے ایک نہایت مفید اور سستا میڈیا ہے جسے استعمال میں لا کر پیداواری اخراجات میں کمی لائی جاسکتی ہے اور عمدہ کوالٹی پھول اور پودے تیار کیے جاسکتے ہیں۔

آبپاشی

للی کی پیداوار میں آبپاشی ایک اہم عنصر ہے۔ گٹھوں کو لگانے سے قبل زمین کو پانی لگایا جاتا ہے تاکہ وتر آسکے اور زمین نرم ہوسکے اور گٹھوں کو ہر حالت میں لگانے کے فوراً بعد پانی لگایا جاتا ہے جبکہ اس کے بعد موسم کی مناسبت سے 4 تا 5 دن کے وقفے سے پانی لگایا جاتا ہے۔ تنے اور جڑوں کی نشوونما ہونے تک زمین میں نمی کو برقرار رکھا جاتا ہے تاکہ عمدہ کوالٹی پھول حاصل ہوسکیں۔ اگر پانی زیادہ دیر تک زمین میں کھڑا رہے تو وائرس اور پھپھوندی کے حملے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ پودوں کی جڑیں اور گٹھے گلنا شروع ہو جاتے ہیں اور تنا بھی متاثر ہوتا ہے جو پودے کی موت کا سبب بنتے ہیں۔ گرین ہاؤس میں کاشت کے دوران آبپاشی کا خصوصی خیال رکھنا چاہیے تاکہ عمدہ کوالٹی پھول حاصل ہوسکیں لہٰذا آبپاشی بذریعہ ڈرپ استعمال کرنی چاہیے۔

کھادوں کا استعمال

چونکہ للی نمکیات کے لیے حساس ہوتا ہے لہٰذا کھادوں کا استعمال بہت احتیاط سے کرنا چاہیے گٹھے لگانے کے ایک ہفتے بعد 10 کلوگرام (این۔پی۔کے) فی کنال استعمال کی جاتی ہے۔ پہلے تین ہفتوں میں جڑ اور تنے کی نشوونما ہوتی ہے۔ تین ہفتوں بعد کیلشیم اور پوٹاشیم کی ضرورت ہوتی ہے۔ گٹھے لگانے کے 4 تا 6 ہفتے بعد آئرن اور زنک کا پودوں پر سپرے بھی اعلیٰ کوالٹی پھولوں کی پیداوار کا ذریعہ بنتا ہے۔

پودوں پر کتنا پانی سپرے کیلئے استعمال ہوا اس طرح پورے باغ کیلئے دوائی کی مقدار کا پتہ چل جائے گا۔ پھر دوران سپرے اسی حساب سے ٹریکٹر کی رفتار اس طرح رکھیں کہ تمام مطلوبہ کیمیائی زہر سارے رقبے میں یکساں طور پر ہو جائے۔

فارمولا:۔

لیٹر پر منٹ = کل لیٹر جو کہ ایک قطار میں لگے / کل وقت

مثلاً ایک قطار میں 5 منٹ لگے اور 25 لیٹر پانی خرچ ہوئے تو 5 لیٹر پانی فی منٹ خرچ ہوا۔
اس طرح اگر باغ میں 10 لائنیں 190 فٹ کی ہوں اور 100 لیٹر چھڑکاؤ کرنا مقصود ہو تو

کل لائنیں	=	10
ہرلائن میں درکار دوا کا چھڑکاؤ	=	10 لیٹر
رفتار چھڑکاؤ	=	5 لیٹر فی منٹ
10 لیٹر کا وقت چھڑکاؤ	=	10x1/5 = 2min

لہٰذا ڈرائیور کو 190 فٹ 2 منٹ میں طے کرنا ہونگے تاکہ مطلوبہ 10 لیٹر دوائی چھڑکائی جا سکے۔

چھڑکاؤ کی تسلی کرنا:۔

بازار میں آسانی سے دستیاب بلاٹنگ کاغذ کے چند ٹکڑے باغ میں مختلف جگہوں پر پودوں پر اوپر نیچے لگا دیں۔ چھڑکاؤ کے فوراً بعد اتار کر دیکھیں مکمل بھیگے ہونے کی صورت میں چھڑکاؤ تسلی بخش ہوگا وگرنہ دوبارہ دہرائیں۔

احتیاطی تدابیر:۔

☆ سپرے کے دوران مکمل لباس، دستانے، ماسک اور حفاظتی چشمہ ضرور پہنیں۔
☆ غیر ضروری رساؤ اور پریشر گیج پر نظر رکھیں۔
☆ تیز ہوا کی صورت میں سپرے نہ کریں۔
☆ پرندوں، جانوروں اور انسانوں کی موجودگی میں سپرے نہ کریں۔
☆ فرسٹ ایڈ بکس کی دستیابی اور ہنگامی صورت میں ڈاکٹر یا ہسپتال تک پہنچنے والی سواری کا انتظام۔

لِلی - ایک منافع بخش تراشیدہ پھول

ڈاکٹر افتخار احمد، راؤ محمد آفتاب جمیل، اقراء ثمن، محمد عبدالسلام خان

تعارف

پھول قدرت کا وہ انمول شاہکار ہیں جنہوں نے ہر دور میں نہ صرف انسانی جذبات کی ترجمانی کی ہے بلکہ یہ کاشتکاروں کے لیے ذریعۂ آمدن بھی ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی منڈیوں میں پھولوں کی مانگ میں اضافہ ہوا ہے اور دیکھتے ہی دیکھتے پچھلی چند دہائیوں کے دوران یہ ایک منافع بخش کاروبار کا روپ دھار گیا ہے۔ بتدریج یہ کاروبار دنیا کے بیشتر ممالک میں پھیل چکا ہے جن میں پاکستان بھی شامل ہے ابتدائی طور پر پاکستان میں پھولوں کی کاشت کا آغاز لاہور، پتوکی اور حیدرآباد میں محدود پیمانے پر شروع ہوا تھا اور زیادہ تر گلاب، گیندا، گل شبو اور گلائل کاشت کیے جاتے تھے تاہم وقت کی ضرورت کے پیش نظر اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ماہرین کی تحقیق کے نتیجے میں گزشتہ چند سالوں کے دوران مختلف نئے تراشیدہ پھولوں کو ملک میں متعارف کروایا گیا ہے جو پاکستان کی آب و ہوا میں با آسانی کاشت کیے جا سکتے ہیں۔ جن میں سے ایک لِلی کا پھول بھی ہے جو ماضی میں زیادہ تر درآمد کیا جاتا تھا تاہم اب مقامی سطح پر بھی کاشت کیا جا رہا ہے۔

گلاب، گلائل، گیندا اور گلِ شبو کے علاوہ للّی اور ٹیولپ کے تراشیدہ پھولوں کی مانگ میں کافی اضافہ ہوا ہے جو کہ بیرون ملک سے درآمد کیے جا رہے تھے جبکہ ان کی کاشت کے لیے پاکستان کی آب و ہوا نہایت موزوں ہے۔ انہیں کاشت کرنے سے کاشتکار نہ صرف ملکی ضروریات کو مقامی پیداوار کے ذریعے پورا کر سکتے ہیں بلکہ کثیر زرمبادلہ بھی کما سکتے ہیں کیونکہ للّی کے پھول گلاب، گیندا اور گلائل کی نسبت کافی مہنگے ہوتے ہیں۔ یہ 3 تا 4 ماہ کی فصل ہے جو کہ میدانی علاقوں میں ستمبر تا نومبر کے دوران کاشت کی جاتی ہے جبکہ گرین ہاؤس میں اسے سال کے بیشتر حصہ کے دوران کاشت کیا جا سکتا ہے۔ اگر للّی کو مارکیٹ ڈیمانڈ کے مطابق کاشت کیا جائے تو خاطر خواہ منافع کمایا جا سکتا ہے۔

لِلی ہر ایک دلعزیز تراشیدہ پھول ہے جس کا تعلق للّی خاندان سے ہے جو ایک بہت بڑا خاندان ہے جس کی تقریباً (100) اقسام ہیں۔ جس میں 50 تا 60 اقسام ایشیاء، 24 شمالی امریکہ اور 12 یورپ میں تیار کی گئی ہیں۔ لِلی کو تراشیدہ پھول کے علاوہ گملوں میں اور باغات و پارکوں کی خوبصورتی کے لیے کیاریوں میں بھی اگایا جاتا ہے۔ رنگ، شکل اور پھولوں کی ہیئت میں تنوع اس تراشیدہ پھول کو دوسرے پھولوں سے منفرد بنا دیتے ہیں۔

Vol. 08 No. 2 | July - December, 2019

ترشاوہ پھلوں کے باغات میں جدید سپرے مشین (Air Blast Sprayer) سے کیمیائی ادویات کے چھڑکاؤ کا طریقہ

ڈاکٹر محمد اقبال [1] ، ڈاکٹر امان اللہ ملک [2] ، مزمل عثمان خان [2] ،ڈاکٹر راحیل انور [2] ، ڈاکٹر بشارت علی سلیم [3]

1۔شعبہ ایگریکلچر انجینئرنگ یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد، 2۔انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز زرعی یونیورسٹی فیصل آباد، 3۔ادارہ برائے توسیع زراعت، سرگودھا

مقصد:۔

کم وقت اور کم لاگت سے باغ میں یکساں طور پر دوائی کا چھڑکاؤ کیا جاسکتا ہے۔جس سے وقت کی بچت، لاگت میں کمی اور بہترین نتائج فوری طور پر حاصل کیے جاسکتے ہیں جو کہ دیگر طریقوں کی ناموزونیت کی وجہ سے اب ناگزیر ہیں۔

ایئر بلاسٹ مشین کا تعارف:۔

اس مشین میں ایک ٹینک (500 L t r) بمعہ تین اطراف کی چھڑکاؤ والی نوزلوں اور ایک عدد بڑے پنکھے پر مشتمل ہوتا ہے جو کہ ٹریکٹر کی مدد سے چلانے پر بنایا گیا ہے۔اسے بڑی آسانی سے ٹریکٹر کے پیچھے نصب کیا جاسکتا ہے اور ٹریکٹر کی شافٹ کی مدد سے چلایا جاتا ہے۔ بازار میں اس کے مختلف ماڈلز ٹریکٹر کے مختلف ماڈلز کے حساب سے دستیاب ہیں۔

سپرے مشین کے چیک پوائنٹس:۔

سپرے سے پہلے درج ذیل ہدایات پر عمل کریں

1۔ مشین کی ٹینکی (پانی والی) صاف ہو۔

2 ۔چھڑکاؤ والی نوزلوں کی اندر والی جالیاں صاف ہوں۔

3۔ مشین کے دیگر پرزے اچھی حالت میں ہوں خاص طور پر پنکھے کی گریس وغیرہ دیکھ لیں۔

4۔ دوائی کے دباؤ (پریشر) والا میٹر ٹھیک ہو اور اس کی سوئی صفر پر ہو۔

5۔ چھڑکاؤ والی ڈسکیں ٹھیک ہوں انہیں سالانہ بنیادوں پر تبدیل کریں۔

6۔ خالی پانی ڈال کر دیکھ لیں اور چلا کر تسلی کرلیں کہ کوئی رساؤ (Leakag) وغیرہ تو نہیں ہے۔

7۔ کسی بھی پیچیدہ خرابی کی صورت میں مشین کے ساتھ دیا گیا ہدایت نامہ ضرور پڑھ لیں۔اور کسی اچھے مکینک سے رابطہ کریں۔

چھڑکاؤ کا وقت:۔

موسم گرما	نماز فجر تا 8 بجے صبح اور بعد از نماز عصر سے مغرب تک (ان اوقات میں سورج کی روشنی تیز نہ ہونے کی وجہ سے سپرے کی گئی دوائی فوراً بخارات میں تحلیل نہ ہونے کی وجہ سے اپنی افادیت برقرار رکھتی ہے)
موسم سرما	سورج کی روشنی میں صبح 10 تا 2 بجے (سورج کی مناسب روشنی اور درجہ حرارت معتدل ہونے کی وجہ سے کیمیائی زہر اپنی افادیت برقرار رکھتی ہے)

دوائی کا چناؤ:۔

عام طور پر ترشاوہ پھلوں کے باغات کو جنوری میں پھل کو برداشت کرنے اور شاخ تراشی سے بعد درج ذیل اوقات میں درج ذیل ادویات سفارش کی جاتی ہیں۔

اوائل فروری	کوسائیڈ (کاپر ہائیڈروآکسائیڈ) 2.5 گرام فی لیٹر۔شاخ تراشی کے بعد زخمی حصوں کو بیماری سے بچاؤ کیلیئے۔
اواخر فروری	کونفیڈار (امیڈاکلوبرڈ) 1.5 ملی لیٹر فی لیٹر پانی۔حملہ آور کیڑے مثلاً لیف مائنز، تیلا، ملی بگ اور سست تیلا۔
اپریل	نٹیوو 0.6 گرام فی لیٹر پانی۔پھل کو بیماری اور داغ دھبوں (Scab Melanose) سے نجات کیلیئے۔
اپریل	عناصر صغیرہ کا چھڑکاؤ۔350 گرام زنک سلفیٹ، 250 گرام مینگانیز سلفیٹ، 300 گرام کاپر سلفیٹ، 140 گرام میگنیشم سلفیٹ اور 50 گرام بوریکس فی 100 لیٹر پانی۔
مئی	کلوروفینا پائر (1 ملی فی لیٹر پانی) مائٹس اور تھرپس کیلیئے۔
جون	زنک سلفیٹ 0.3% اگر زنک کی کمی ہو تو۔
جولائی	چیمپیئن 4 گرام فی لیٹر۔

دوائی کے چناؤ کے وقت کسی ماہر سے ضرور رابطہ کرلیں کیونکہ جدید تحقیق کی وجہ سے مارکیٹ میں ایک سے بڑھ کر ایک موثر کیمیائی زہریں آرہی ہے۔جن کا جان لینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اچھی مشینری کے استعمال کے علاوہ تجربہ کار اور ایماندار ورکرز کی دستیابی جو کہ باغ کی حالت کو سمجھنے اور مشین کو اچھی طرح چلا اور ٹھیک کرسکتے ہیں ہی آپ کے سرمائے اور ترقی کے ضامن ہیں۔

مختلف ادویات کو ملانے کا طریقہ:۔

ٹینکی میں اگر سفارش کردہ مختلف ادویات ایک ساتھ ملانی مقصود ہوں تو پہلے ایک بار ان ادویات کے لیبل پڑھ لیں جن پر واضح طور پر لکھا ہوتا ہے کہ ان ادویات کو کچھ خاص عناصر کے ساتھ نہ ملائیں۔

سپرے کی مقدار کے تعین کیلئے کیلیبریشن (Calibration):۔

سپرے کی ضرورت کے پیش نظر کمپنی کی سفارش کردہ مقدار ہی سپرے کریں۔مشین سے ناپنے کیلئے کیلیبریشن ضروری ہے۔اس مقصد کیلئے ٹینکی میں پوری طرح پانی بھر کر ایک لائن میں چلا کر دیکھ لیں اور وقت نوٹ کرلیں ٹینکی کو دوبارہ پانی کی مقررہ مقدار تک بھر لیں اور دیکھیں کہ ایک لائن میں

Vol. 08 No. 2 | July - December, 2019

Get ready for upcoming IHC 2020

Pakistan Society for Horticultural Science

Registration No. __________

Membership Application Form

Prefix: ☐ Dr ☐ Mr ☐ Ms ☐ Mrs

Name (First Last): __________

CNIC no. (Pak. nationals): [| | | | - | | | | | | | | - |]

Passport no. __________

Date of birth (dd,mm,yy) __________ **Gender:** Male ☐ Female ☐

Qualification: __________

Profession/Position: __________

Organization: __________

Mailing address: __________

Mobile: __________ **WhatsApp no:** __________

Email: __________

Information you allow to make publicly available in members' directory on PSHS website

☐ Mobile number ☐ Email address

Would you like us to add you in PSHS WhatsApp group? ☐ Yes ☐ No

Previous PSHS ID: (*If any*) __________

Memb. category: (*for current appl.*) ☐ Lifetime ☐ Regular ☐ Student ☐ Corporate

The information provided are true and accurate to the best of my knowledge. I hereby agree to abide by the rules and regulations of Pakistan Society for Horticultural Science, failing to which my membership will be cancelled. PSHS reserves the right to cancel my membership any time without prior notice.

Signature of Applicant: __________ Date: __________

Signature of PSHS Authority (with stamp): __________ Date: __________

(Revised January 2019)

Queries/Comments/Advertisements
Dr. Iftikhar Ahmad, Managing Editor, Hortimag
Tel: 041-9201086, 0334-7416664, Email: hortimag@pshsciences.org